DEPUTY DIRECTOR OFFICE [Ad] DEPARYMENT OF PUBLIC INSTRUCTION SIRSI . EDUCATIONAL DISTRICT SIRSI[U K]

2020-21 COMPITENCIES OF BRIDGE COURSE SUB: SCIENCE

CLASS : 6

| نمبر شمار | صلاحیت | بنیادی صلاحیت | نمونتاً سوالات |
|---|---|---|---|
| 1 | غذا کے اہم ذرائع اور اس کے مختلف اجزاء | غذا کے اہم ذرائعوں کی پہچان | 1- پودوں سے حاصل ہونے والی غذائی اشیاء کے نام لکھو؟<br>2- حیوانات سے حاصل ہونے والی غذائی اشیاء کے نام لکھو؟<br>3- غذا کی بناء پر جانوروں کے اقسام لکھئے؟ |
| 2 | مختلف اقسام کے لباس اور ریشے | موسم کے لحاظ سے استعمال ہونے والے کپڑوں کے متعلق جاننا۔ | 1- اونی کپڑوں کا استعمال کونسے موسم میں کیا جاتا ہے؟<br>2- پلاسٹک اور ٹیرپلین کے کپڑے کونسے موسم کے لئے موزوں ہیں؟<br>3- موسم گرما میں کونسے کپڑے پہننا بہتر ہے؟ |
| 3 | مختلف قسم کے اشیاء اور انکے خصوصیات کو جاننا | مادے کے خصوصیات اور حالتوں کے متعلق جاننا | 1- مادے کے خصوصیات لکھئے؟<br>2- مادے کی حالتیں کونسی ہیں؟<br>3- درج ذیل اشیا کی ٹھوس، مائع، گیس میں درجہ بندی کیجئے؟<br>پتھر، ہوا، دودھ، پانی، دھواں، لوہا |
| 4 | آمیزے سے اشیاء کی اعلحیدگی کے طریقے جاننا | مادے کی حالت میں تبدیلی کے متعلق یاددہانی | 1- برف کو گرم کرنے پر کیا حاصل ہوگا؟<br>2- تبخیر پانے والے کوئی دو اشیاء کے نام لکھئے؟<br>3- پانی میں حل پذیر اشیاء کے نام لکھئے؟ |

| نمبر شمار | صلاحیت | بنیادی صلاحیت | نمونتاً سوالات |
|---|---|---|---|
| 5 | پودے کے حصے اور ان کے افعال | پودے کے مختلف حصے اور ان کے افعال کو جاننا | 1- پودے کے حصوں کے نام لکھئے؟<br>2- پودے کا کونسا حصہ غذا تیار کرتا ہے؟<br>3- جڑ میں غذا کو ذخیرہ کرنے والے دو پودوں کے نام لکھئے؟ |
| 6 | انسانی جسم اور اس کے حرکات | انسانی جسم کے مختلف اعضاء کے متعلق جاننا | 1- ہمارے جسم کو شکل و صورت دینے والے اعضاء کونسے ہیں؟<br>2- چلنے میں مدد کرنے والے اعضاء کونسے ہیں؟<br>3- ہمارے جسم کی حفاظت کرنے والا عضو کونسا ہے؟ |
| 7 | جاندار عضویوں کے خصوصیات اور انکا اطراف | جاندار اور بے جاندار کے خصوصیات بیان کرنا۔ | 1- چند جانداروں کے نام لکھئے؟<br>2- چند بے جانداروں کے نام لکھئے؟<br>3- آپ کیسے معلوم کروگے کوئی شئے جاندار ہے یا بے جاندار؟ |
| 8 | پانی کی اہمیت اور استعمال کے کفایتی طریقے [پانی کا تحفظ] | پانی کی مختلف حالتیں | 1- زمین پر پانی کہاں زیادہ نظر آتا ہے؟<br>2- تازہ پانی کے ذرائعوں کے نام لکھئے؟<br>3- پانی ہوا میں کونسی شکل میں ہوتا ہے؟ |
| 9 | ہوا کے خصوصیات اور اجزاء | ہوا کی موجودگی اور خصوصیات کو جاننا | 1- ہمارے اطراف ہوا موجود ہے۔ اسکی دو مثالیں لکھئے؟<br>2- ہوائی کرہ سے کیا مراد ہے؟<br>3- ہوا کے کوئی دو خصوصیات لکھئے؟ |
| 10 | کچرے کا انتظام اور دوبارہ استعمال کے طریقے | کچرے کے مختلف اقسام کے متعلق جاننا | 1- کچرہ کسے کہتے ہیں؟<br>2- کچرے کے مختلف اقسام کونسے ہیں؟<br>3- اپنی اسکول میں آپ کچرے کی درجہ بندی کس طرح کرتے ہیں؟ |

DEPUTY DIRECTOR OFFICE [Ad] DEPARYMENT OF PUBLIC INSTRUCTION SIRSI . EDUCATIONAL DISTRICT SIRSI[U K]

2020-21 COMPITENCIES OF BRIDGE COURSE SUB: SCIENCE

CLASS : 7

| نمبر شمار | صلاحیت | بنیادی صلاحیت | نمونتاً سوالات |
|---|---|---|---|
| 1 | خود پرور اجسام کا ضیائی تالیف کے ذریعے غذا تیار کرنا۔ | ضیائی تالیف کے متعلق جاننا۔ | 1- پودے کے کونسے حصے میں ضیائی تالیف ہوتی ہے؟<br>2- ضیائی تالیف کے دوران خارج ہونے والی گیس کونسی ہے؟<br>3- ضیائی تالیف کے دوران استعمال ہونے والی گیس کونسی ہے؟ |
| 2 | انسانی عمل ہاضمہ کے بارے میں جاننا | جانداروں میں غذا کی ضرورت کے متعلق جاننا۔ | 1- سبزی خور سے کیا مراد ہے؟<br>2- ہمہ خور کی مثالیں لکھئے؟<br>3- گوشت خور کی مثالیں لکھئے؟ |
| 3 | ریشم اور اونی کپڑوں کی تیاری کے مراحل | ریشوں سے کپڑوں کی تیاری کے مراحل | 1- ریشوں کے اقسام لکھئے؟<br>2- بنائی کسے کہتے ہیں؟<br>3- کتائی کے لئے استعمال ہونے والے آلات کونسے ہیں؟ |
| 4 | طبعی اور کیمیائی تبدیلی کے درمیان فرق جاننا | رجعتی اور غیر رجعتی تبدیلیوں کی شناخت کرنا۔ | 1- رجعتی تبدیلی کسے کہتے ہیں؟<br>2- غیر رجعتی تبدیلی کسے کہتے ہیں؟<br>3- دودھ کا دہی بننا یہ کونسی تبدیلی ہے؟ |

| نمبر شمار | صلاحیت | بنیادی صلاحیت | نمونتاً سوالات |
|---|---|---|---|
| 5 | باد، طوفان، اور سائیکلون کے متعلق جاننا۔ | ہوا کے خصوصیات کو جاننا | 1- ہوا کیا ہے؟<br>2- ماحول کسے کہتے ہیں؟<br>3- ہوا کی خصوصیات لکھئے؟ |
| 6 | نظام عمل تنفس کے متعلق جاننا | سانس لینا اور سانس چھوڑنا اس عمل کے بارے میں جاننا | 1- سانس لینا کسے کہتے ہیں؟<br>2- کیچوے کا تنفسی عضو کونسا ہے؟<br>3- مچھلی کا تنفسی عضو کونسا ہے؟ |
| 7 | جانوروں اور پودوں میں نقل و حمل کے متعلق جاننا۔ | عمل سریان کے متعلق جاننا | 1- عمل سریان سے کیا مراد ہے؟<br>2- عمل سریان پودے کے کونسے حصے میں واقع ہوتا ہے؟<br>3- عمل سریان کے لئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کی روشنی ضروری ہے؟ |
| 8 | پودوں میں تولید کے اقسام | پھول کی بناوٹ کے متعلق جاننا۔ | 1- انکھڑیاں کسے کہتے ہیں؟<br>2- مادگین کسے کہتے ہیں؟<br>3- پھول کا خاکہ کھینچ کر حصوں کے نام لکھئے؟ |
| 9 | چال، حرکت اور وقت کی پیائش کے متعلق جاننا۔ | عالمی نظام پیائش SI کے متعلق جاننا۔ | 1- 1 میٹر =۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سنٹی میٹر<br>2- 5 کلو میٹر =۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میٹر<br>3- 8 کلو میٹر =۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میٹر |
| 10 | برقی رو کے اثرات کو جاننا | برقی دور کے عمل کو جاننا۔ | 1- برقی دور کو بند کرنے کے لئے استعمال کیا جانے والا آلہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔<br>2- برقی سیل کے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ٹرمنل ہوتے ہیں۔<br>3- موصل کسے کہتے ہیں؟ |

| نمبر شمار | صلاحیت | بنیادی صلاحیت | نمونتاً سوالات |
| --- | --- | --- | --- |
| 11 | روشنی کا انعکاس اور کروی آئینوں کے متعلق جاننا۔ | روشنی خط مستقیم میں حرکت کرتی ہے۔اسکو سمجھنا۔ | 1- روشنی ہمیشہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔خط میں سفر کرتی ہے۔<br>2- سیدھے پائپ کی مدد سے دیکھنے پر روشنی نظر آتی ہے۔کیوں؟<br>3- پن ہول کیمرہ میں عکس اُلٹا کیوں نظر آتا ہے؟ |
| 12 | پانی کی شکلیں اور آبی دور کے مراحل کو جاننا۔ | آبی دور کے متعلق جاننا۔ | 1- آبی دور کسے کہتے ہیں؟<br>2- تبخیر کسے کہتے ہیں؟<br>3- عمل تکثیف سے کیا مراد ہے؟ |

DEPUTY DIRECTOR OFFICE [Ad] DEPARYMENT OF PUBLIC INSTRUCTION SIRSI . EDUCATIONAL DISTRICT SIRSI[U K]

2020-21 COMPITENCIES OF BRIDGE COURSE SUB: SCIENCE

CLASS : 8

| نمبر شمار | صلاحیت | بنیادی صلاحیت | نمونتاً سوالات |
|---|---|---|---|
| 1 | حرکت کی تعریف و تفصیل | • حرکت کے اثرات کا تصور۔<br>• چال کی پیمائش، ضابطہ کے استعمال سے مسائل کا حل۔ | 1- حرکت کے مختلف اقسام کون کونسے ہیں؟<br>2- آپ چال اور رفتار کے درمیان کسطرح فرق کرینگے؟<br>3- چال کے ضابطہ کی تفصیل لکھئے؟ |
| 2 | حرارت اور درجہ حرارت | حرات اور درجہ حرارت کا تصور۔<br>حرارت کے اثرات بیان کرنا۔<br>درجہ حرارت کی پیمائشی اکائیاں جاننا۔ | 1- حرارت کونسے حالات میں پیدا ہوتی ہے؟<br>2- پانی کا نقطہء جوش اور نقطہء منجمند کے متعلق لکھئے؟<br>3- حرارت اور درجہ حرارت میں فرق لکھئے؟ |
| 3 | روشنی | اشیاء کی درجہ بندی۔<br>انعکاس کے کلیات بیان کرنا۔<br>انتشار نور، قوس قزاح کن حالات میں وقوع ہوتے ہیں۔ | 1- لکڑی کو غیر شفاف کیوں کہتے ہیں؟ نیم شفاف اشیاء کی مثالیں لکھئے؟<br>2- روشنی کے سات رنگوں کے نام لکھئے؟<br>3- انعکاس کے کلیات لکھئے؟ |
| 4 | جوہر اور سالمات | جوہر اور سالمات کا مفہوم۔<br>جوہر کے بنیادی ذرات، عنصر، مرکب اور آمیزے کا مفہوم۔<br>جوہر کے ذرات کو سمجھنا۔ | 1- جوہر کے بنیادی ذرات کون کونسے ہیں؟<br>2- مرکب اور آمیزے میں فرق بیان کیجئے؟<br>3- جوہر کے ذرات میں مشابہت بیان کیجئے؟ |

| نمبر شمار | صلاحیت | بنیادی صلاحیت | نمونتاً سوالات |
|---|---|---|---|
| 5 | پانی | پانی کے تحفظ کی اہمیت سمجھنا۔<br>ہلکااور بھاری پانی پہچاننا۔اور اسکی وجہ بیان کرنا۔ | 1- بھاری پانی کو کس طرح پہچانیں گے؟<br>2- بھاری پانی کے استعمال سے کیا نقصانات ہوتے ہیں؟<br>3- بھاری پانی کے بھاری پن کی وجہ بننے والے عناصر کونسے ہیں؟ |
| 6 | کیمیائی تعاملات اور بندھن | اشیاء کی تبدیلی کو پہچاننا۔<br>کیمیائی تعاملات کے اقسام کو پہچاننا۔<br>کیمیائی بندھن واقع ہونے کے متعلق سمجھنا۔ | 1- طبعی تبدیلی اور کیمیائی تبدیلی کے درمیان فرق لکھئے؟<br>2- سیسے کا سلفیٹ + آکسیجن ← سیسے کا آکسائیڈ<br>یہ کیمیائی تعمل کی کونسی قسم ہے؟<br>3- ایان بندھن کی ایک مثال لکھئے؟ |
| 7 | غذائی اجزاء | غذائی اجزاء کے نام جاننا۔<br>مختلف غذا میں غذائی اجزاء کو پہچاننا۔<br>متوازن غذا کی اہمیت سمجھنا۔ | 1- توانائی بخش غذائی اجزاء کونسے ہیں؟<br>2- کیا ہمارے جسم کو غذائی اجزاء کی ضرورت ہے؟<br>3- متوازن غذا کی کمی سے کیا نقصانات ہوتے ہیں؟ |
| 8 | خلیہ کی بناوٹ | خلیہ کے مختلف حصوں کے نام جاننا۔<br>خلیہ کی شکل کھینچنے کی صلاحیتیں پیدا کرنا۔<br>نباتاتی اور حیوانی خلیہ کے درمیان فرق معلوم کرنا۔ | 1- خلیہ کے اہم حصے کونسے ہیں؟<br>2- خلیہ کی شکل کھینچ کر ان حصوں کے نام لکھئے؟<br>a]خلیہ کی پروٹین فیکٹری b ]خلیہ کی ہلاکت خیز تھیلیاں<br>3-نباتاتی اور حیوانی خلیہ میں فرق لکھئے؟ |
| 9 | عمل تولید | عمل تولید۔اسکے اقسام مثالوں کے ذریعہ بیان کرنا<br>نباتاتی تولید کے مختلف حصوں کی شکل اور انکی<br>حصوں کی نشاندہی کرنے کی صلاحیت۔ | 1- غیر جنسی تولید کی مثالیں لکھئے؟<br>2- نباتاتی تولید کے مراحل کونسے ہیں؟<br>3- مثالی پھول کی شکل کھینچ کر حصوں کے نام لکھئے؟ |